QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 182 حفاظتی اقدامات کے پیش نظر آتشزدگی سے متاثرہ کمرشل پلازہ کی بجلی منقطع

کوئٹہ: 20 جنوری 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان نے کہا ہے کہ منگل کی صبح کوئٹہ شہر میں پرنس روڈ پر واقع ایک کمرشل پلازہ میں آتشزدگی کا واقعہ رونما ہوا۔جس کی اطلاع ملنے پر کیسکو نے حفاظتی انتظامات کے پیش نظر متعلقہ علاقہ کو بجلی فراہم کرنے والی فیڈر سے بجلی کی فراہمی منقطع کردی تاکہ صارفین کی املاک، برقی تنصیبات اور بجلی کے میٹروں کو مزید کسی بڑے نقصان سے بچایا جاسکے۔تاہم کیسکو کی ٹیمیں متاثرہ علاقہ میں موجود رہیں اور بعدازاں کمرشل پلازہ سے منسلک صرف 3 ٹرانسفارمروں سے بجلی کی فراہمی عارضی طور پر بند کردی ترجمان نے مزید کہا کہ صوبائی حکومت کے محکمہ توانائی کے الیکٹرک انسپکٹر کی جانب سے سیفٹی کلیرنس ملنے کے بعد مذکورہ 3 ٹرانسفارمروں سے منسلک علاقوں کی بجلی دوبارہ بحال کردی جائے گی۔تاہم کیسکو نے اس ناگہانی حادثہ کے باعث عارضی بجلی بندش پر زحمت کیلئے دیگر متعلقہ صارفین سے معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔